# نَقدُ و نظَر



ادارہ

## ''السَّیحُ الجاری إلٰی جنة البخاری'' المعروف ''تقریرِ علامہ کشمیریؒ'' [تین جلدیں]

افادات وافاضات: امام العصر حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ۔ رشحاتِ قلم: حضرت مولانا حکیم عبدالحلیم بن امیر بخش سردار پوری ملتانی رحمۃ اللہ علیہ۔صفحات جلدِاول: ۳۸۲، جلدِ دوم: ۳۷۰، جلدِ سوم: ۲۴۰۔ قیمت: درج نہیں۔ ناشر: مکتبہ عشرہ مبشرہؓ، ۳۸، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ باہتمام: دار التصنیف والتحقیق، فیصل آباد

زیرِ تبصرہ کتاب تین جلدوں میں علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کی صحیح بخاری کی عربی زبان میں درسی تقریر پر مشتمل ہے، جسے حضرت کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد مولانا حکیم عبدالحلیم بن امیر بخش سردار پوری ملتانی رحمۃ اللہ علیہ نے سن ۱۳۴۱ھ میں جمع و ضبط فرمایا تھا۔ آپ کے فرزند حضرت مولانا محمد قاسم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تصحیح، اور مشہور عالم دین حضرت مولانا محمد عیسیٰ گورمانی رحمۃ اللہ علیہ (گوجرانوالہ) نے اس پر نظرِ ثانی کی اور حضرت کے پوتے مولانا ضیاء الرحمٰن ناصر صاحب نے اس کی ترتیب وتزئین وغیرہ کا کام کر کے اُسے پہلی مرتبہ جمادیٰ الاولیٰ ۱۴۳۸ھ مطابق فروری ۲۰۱۷ء میں شائع کیا، یہ اس مجموعہ اور تقریر کا پہلا ایڈیشن ہے۔

یہ ایک چھپا خزانہ تھا، جسے یہ حضرات بڑی محنت، جدوجہد اور زرِ کثیر صرف کر کے تقریباً ایک صدی گزرنے کے بعد منظرِ عام پر لانے میں کامیاب ہوئے۔ اس پر اُنہیں جتنا بھی مبارک باد دی جائے، کم ہے۔ بہرحال علم حدیث سے شغف رکھنے والے علماء وطلبہ کے لیے یہ ایک نادر تحفہ اور عمدہ سوغات ہے۔ کتاب کا ٹائٹل خوبصورت، کاغذ اعلیٰ اور جلد بندی مضبوط ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری قدس سرہٗ کی دیگر کتب، افادات اور تقاریر کی طرح اس تقریر کا بھی فیض جاری وساری اور عام فرمائے اور جامع و محسنین ومرتبین کو اپنے شایانِ شان جزائے خیر عطا فرمائے۔

## درسِ ابی داؤد

افادات: حضرت مولانا شمس الحق رحمۃ اللہ علیہ۔تخریج وتحقیق: مولانا وحید الزمان صاحب۔صفحات: ۶۱۷۔ قیمت: درج نہیں۔ناشر: شمسی کتب خانہ، کراچی۔ ملنے کا پتہ: دار الاشاعت، اردو بازار، کراچی